نیو یارک سٹی

# ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ

نشوونما سے متعلق تاخیر یا معذوری کے مدنظر خطرے میں مبتلا بچوں اور نونہالوں کے لیے



## میرا بچہ کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے؟

NYC Health

Urdu

# ایک زبردست آغاز دینے میں اپنے بچے کی مدد کریں۔





بچے اور نونہالان مختلف طریقے سے سیکھتے اور نمو پاتے ہیں۔ کوئی بچہ ممکن ہے دیر سے بولے۔ دوسرا بچہ ممکن ہے پہلے ہی چلنے لگے۔

اکثر، والدین کو ان تفریقات کے بارے میں تشویش زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ لیکن کچھ بچوں کو **ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ** سے فائدہ ہو سکتا ہے، جو اس امر کا پتہ لگانے کے لیے ایک پروگرام ہے کہ بچے کس طرح نمو پا رہے ہیں اور وہ کس قدر پیشرفت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔



بچے اور نونہالان مختلف طریقے سے سیکھتے اور نمو پاتے ہیں۔ کوئی بچہ ممکن ہے دیر سے بولے۔ دوسرا بچہ ممکن ہے پہلے ہی چلنے لگے۔

اکثر، والدین کو ان تفریقات کے بارے میں تشویش زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ لیکن کچھ بچوں کو **ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ** سے فائدہ ہو سکتا ہے، جو اس امر کا پتہ لگانے کے لیے ایک پروگرام ہے کہ بچے کس طرح نمو پا رہے ہیں اور وہ کس قدر پیشرفت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

آپ کے ڈاکٹر، سوشل ورکر یا ڈے کیئر سنٹر نے ممکن ہے ہمیں آپ سے رابطہ کرنے کو کہا ہو۔ یہ اہم ہے کیونکہ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ تاخیر سے متعلق معاملات میں بچے کو جتنی کم عمری میں مدد مل جائے نتیجہ اتنا ہی بہتر ہو سکتا ہے۔

**آپ کے بچے کو ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ سے فائدہ ہو سکتا ہے اگر اس کی عمر 3 سال سے کم ہو اور:**

- وہ 33 ہفتوں سے کم پر پیدا ہوئے ہوں
- اس نے نیو نیٹال انٹینسیو کیئر میں 10 دن سے سے زیادہ وقت گزارا ہو
- ولادت کے وقت ان کا وزن 4 پونڈز سے کم رہا ہو
- اس کے لیڈ ٹیسٹ کا نتیجہ کافی زیادہ رہا ہو
- وہ نومولود بچے کی سماعت کی ابتدائی اسکریننگ سے محروم یا اس میں ناکام رہا ہو
- وہ بے خانگی یا گھریلو تشدد سے متاثر ہوا ہو
- آپ نوعمر ماں ہوں
- آپ کو قبل از ولادت نگہداشت موصول نہ ہوئی ہو

ہم آپ کی تشویشات کو سنیں گے اور آپ کے بچے کی پیشرفت کی پیمائش کرنے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

آپ کے بچے کی تیسری سالگرہ تک ہر چند مہینوں پر، ہم اس بابت چند آسان سوالات آپ کو ای میل کریں گے کہ آپ کا بچہ کس طرح:

- جس چیز کا خواہاں ہوتا ہے اس بارے میں آپ کو بتاتا ہے
- اپنے جسم کو حرکت دیتا ہے
- اپنے ہاتھوں اور انگلیوں کو استعمال کرتا ہے
- مسائل کو حل کرتا ہے
- اکیلے اور دوسروں کے ساتھ کھیلتا ہے

ہم آپ کے جوابات کا جائزہ لیں گے اور پھر آپ کو بتائیں کہ آپ کا بچہ کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے۔

اگر آپ کا بچہ ٹھیک ٹھاک کارکردگی دکھا رہا ہے تو ہم اس کی پیشرفت پر نگاہ رکھے رہیں گے۔ اگر نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا بچہ نشوونما سے متعلق تاخیر کے خطرے میں مبتلا ہو سکتا ہے تو ہم ایک ارلی انٹروینشن کی تشخیص کے ذریعہ آپ کے بچے کو درکار خدمات حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کی نشوونما کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو آپ کسی بھی وقت ہمیں کال کر سکتے ہیں۔



## ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ اور ارلی انٹروینشن کے بارے میں مزید جانیں۔

اپنے ڈاکٹر سے بات کریں، **311** پر کال کریں اور ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ (Developmental Monitoring) اور ارلی انٹروینشن (Early Intervention) کے بارے میں پوچھیں یا **nyc.gov/health/earlyint** ملاحظہ کریں۔

**ڈیولپمنٹل مانیٹرنگ اور ارلی انٹروینشن کی خدمات خاندانوں* کے لیے، آمدنی یا ترک وطنی کی صورتحال سے قطع نظر رازدارانہ اور مفت ہیں۔**

*اگر آپ کے پاس صحت بیمہ، بشمول Medicaid ہے تو، ارلی انٹروینشن کی خدمات کے لیے ادائیگی کرنے کے واسطے انہیں استعمال کیا جائے گا اور آپ پر کوئی براہ راست لاگت نہیں آئے گی۔

